اشتہار برائے ٹھیکہ زرعی زمین

پنجاب ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی جو کہ (Companies ordinance 1984) کی دفعہ 42 کے تحت قائم کی گئی ہے پیمکو کا جدید طرز کا مذبحہ خانہ لاہور میٹ پراسیسنگ کمپلیکس کے نام سے شاہ پور کانجراں 18 کلومیٹر ملتان روڈ لاہور پر واقع ہے لاہور میٹ پراسیسنگ کمپلیکس (LMPC) کی عمارت کے احاطہ میں تقریباً 31 کنال زرعی زمین مندرجہ بالا شرائط پر 1 سال کے لیے ٹھیکہ کے خواہشمند حضرات سے درخواستیں مطلوب ہیں

شرائط وضوابط۔

1۔ جو فصل کاشت کرنا ہو کمپنی ہذا کو پہلے بتانا ہوگی۔

2۔ فصل کے لئے پانی اور دیگر امور کا انتظام پارٹی خود کرے گی۔ کمپنی کی طرف سے پانی کی فراہمی کی صورت میں فی گھنٹہ (بجلی کا استعمال) کے حساب سے ایڈوانس رقم وصول کی جائے گی۔ (جو کہ اندازً 5000 فی گھنٹہ ہے)۔

3۔ ٹھیکہ کی مدت 12 مہینے تک ہوگی۔ جس کے مطابق بکرا عید 2024 کو عید سے 25 دن پہلے زمین کو عرصہ ایک ماہ کے لیے ادارہ ہذا کو خالی حالت میں فراہم کرنے کا مجاز ہوگا۔ (بکرا عید کا ایک مہینہ 12 مہینوں میں شامل نہیں ہے)

4۔ کسی قسم کے نقصان کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی۔

5۔ بولی کی شروعات Rs 210,000 (Reserve price) سے ہوگی۔

6۔ مندرجہ بالا زمین صرف زرعی اجناس کی کاشت کیلئے استعمال ہوگی۔

7۔ تمام زمین جیسے ہے جہاں ہے کی بنیاد پر فراہم کی جائے گی۔

8۔ بولی سے قبل تمام زمین کا معائنہ مندرجہ ذیل پتہ پر کیا جا سکتا ہے، بعداز بولی کسی قسم کا عذر قبول نہ ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی رقم دس دن کے اندر جمع کروانا لازم ہوگا۔

10۔ ناکام بولی دہندہ گان کو زربیعانہ نیلام کے بعد واپس کردی جائے گی۔ پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ گان کا زرضمانت نیلامی کی حتمی منظوری تک روک لیا جائے گا۔ منظور شدہ بولی سے منحرف کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زربیعانہ بحق پنجاب ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی ضبط تصور ہوگا اور ٹھیکہ دوسرے نمبر والے بولی دہندہ کو منتقل کردیا جائے گا۔

11۔ مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر منظور شدہ بولی دہندہ کا معاہدہ منسوخ کردیا جائے گا

دلچسپی رکھنے والے حضرات مبلغ -/20,000 روپے زربیعانہ (قابل واپسی) جمع کروا کر درج ذیل تاریخ کو ٹھیکہ کی بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

نیلامی مورخہ 5 اکتوبر 2023 کو کانفرنس ہال میں بوقت 2 بجے دن ہوگی۔

مزید تفصیلات کے لیے مندرجہ ذیل پتہ یا ٹیلی فون نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

پنجاب ایگریکلچر اینڈ میٹ کمپنی

شاہ پور کانجراں 18 کلومیٹر ملتان روڈ لاہور

ٹیلی فون نمبر: 042-99333706-7